Nestlé Good food, Good life

PRESS RELEASE

LAHORE, December 8, 2023

نیسلے پاکستان نے نارووال میں نیسلے فار ہیلتھیئر کڈز (N4HK) روم کا افتتاح کردیا

2025تک 250اساتذہ اور15000طالب علموں تک رسائی کا ارادہ

لاہور:8دسمبر،2023

لاہور: نیسلے پاکستان نے صحت بخش غذا کے فروغ اور غذائیت کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کیلئے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول نارووال میں نیسلے فار ہیلتھیئر کڈز (N4HK) روم کا افتتاح کیا۔ N4HK پروگرام غذائیت کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کیلئے نیسلے کا عالمی پروگرام ہے جو نصاب پر مشتمل تعلیمی پروگرام کے ذریعے بچوں کو صحت مند طرز زندگی کی ترغیب دینے کیلئے اساتذہ اور والدین کو معاونت دینے کے ساتھ ساتھ صحت بخش غذا،حفظان صحت اور بھرپور طرزعمل کوفروغ دیتا ہے۔

اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے نارووال سے سابق وفاقی وزیر اور رکن قومی اسمبلی احسن اقبال نے کہا"ہمارے لئے یہ ایک اعزاز کی بات ہے کہ نیسلے پاکستان نے N4HK پروگرام کا دائرہ کار نارووال تک بڑھایا ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ اساتذہ اور طالب علموں کو غذائیت کے حوالے سے دی جانے والی آگاہی صحت مند عادات اورمستقبل کی بہتر نسل کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گی۔ "

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جیسن آوانسینا، سی ای او، نیسلے پاکستان نے کہا "نارووال میںN4HK پروگرام کی توسیع 250سے زائد اساتذہ کو تربیت کی فراہمی کے ساتھ صحت بخش غذائیت کے فروغ کیلئے ہماری باہمی کوششوں کا ثبوت ہے جس کے تحت 2025تک 15,000طالب علموں تک رسائی حاصل کی جائے گی۔"

"نارووال میںN4HK روم کے افتتاح سے مجھے یقین ہے کہ ہم ضلع نارووال میں غذائیت کے حوالے سے آگاہی پیدا کرکے بچوں کی زندگیوں اور خوراک کے انتخاب پر مثبت اثرات مرتب کرسکیں گے۔مجھے یہ بھی امید ہے کہ ان کا علم اور تعلیم ان کے خاندانوں اور اور معاشروں کی ترقی میں سود مند ثابت ہوگا۔"

انہوں نے کہا"یہ کرئیٹنگ شیئرڈ ویلیو کی ہماری کوششوں اور ہمارے طبقات کی فلاح وبہبود کیلئے ہمارے کردار کاحصہ ہے۔کرئیٹنگ شیئرڈ ویلیو نیسلے کے کاروباری طریقوں کا بنیادی جزو ہے جو کمپنی کی بنیادی کاروباری سرگرمیوں کے مخصوص شعبوں پر توجہ مرکوز کرتا ہے تاکہ معاشرے اور شیئرہولڈرز دونوں کیلئے قدر پیدا کی جاسکے۔"

N4HKپروگرام اچھی صحت اور فلاح بہبود کے حوالے سے اقوام متحدہ کے پائیدار ترقی کے اہداف UN SDG 3 کیلئے نیسلے کے عزم کا ایک حصہ ہے جس کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ بچے نشوونما پانے کے ساتھ غذائیت کی اہمیت کو سمجھیں۔ پروگرام کے ذریعے اب تک پاکستان میں 360,000بچوں تک رسائی کی گئی جبکہ 2300 اساتذہ کو تربیت فراہم کی گئی ہےپروگرام کے ذریعے سرکاری اور نجی شعبہ کے 11شراکت داروں کے ساتھ 14،N4HKروم تیار کئے گئے۔N4HK پروگرام کا دائرہ کار پنجاب، وفاق، خیبر پختونخوا،سندھ اور گلگت بلتستان تک پھیلاہوا ہے۔

مذید معلومات کے لیے رابطہ کریں

محمد راحت حسین

کارپوریٹ منیجر پبلک افیئرز اینڈ میڈیا ریلیشنز

muhammadrahat.hussain@pk.nestle.com